30-04-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ مرکزی وزیر کشن ریڈی نے اعلان کیا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی تلنگانہ کے دورہ کے دوران 7 ہزار 823 کروڑ روپے کے پروجیکٹس کا افتتاح کریں گے۔

۲۔ ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرامارکا نے گرما کے دوران برقی کی بڑھتی ہوئی مانگ کے پیش نظر بلا رکاوٹ سربراہی کو یقینی بنانے کی ہدایت دی ہے۔

۳۔ وزیر زراعت ناگیشور راؤ نے 2026ء خریف سیزن کے دوران بیجوں کے دوگنے ذخیرہ کیلئے عہدیداروں کو احکام جاری کئے۔

۴۔ الیکشن کمیشن آف انڈیا نے کویتا کی نئی سیاسی جماعت کیلئے تلنگانہ رکشنا سینا کے نام کو منظوری دے دی ہے۔

RAMCHANDER RAO:

بی جے پی کے ریاستی صدر این رام چندر راؤ نے دھان کی خریدی کے ناقص نظام کیلئے کانگریس حکومت پر تنقید کی ہے۔ بھونگیر میں دھان کی خریدی کے مراکز کے دورہ کے بعد انہوں نے حکومت پر تنقید کی۔ انہوں نے کہا کہ بنیادی سہولتوں کی کمی کی وجہ سے خریدی کے مراکز پر کسانوں کا اناج خراب ہو رہا ہے۔ انہوں نے انتباہ دیا کہ کسانوں کی اِس حالت کیلئے حکمران پارٹی کو نتائج بھگتنے پڑیں گے۔ انہوں نے کہا کہ مرکز کی جانب سے فنڈس ملنے کے باوجود ریاستی حکومت لاپرواہی سے کام لے رہی ہے۔ انہوں نے ایک آئی کے پی سنٹر کے انچارج کے اقدامِ خودکشی کا حوالہ دیا۔ انہوں نے ملرس اور عہدیداروں کے درمیان سازباز کا الزام لگاتے

ہوئے مطالبہ کیا کہ چیف منسٹر فوری تھیلے اور ٹرانسپورٹیشن کی سہولت فراہم کرنے کیلئے کروائی کریں۔انہوں نے کسانوں پر زور دیا کہ وہ ہمت نہ ہاریں۔انہوں نے انتباہ دیا کہ اگر حکومت اناج کی خریدی کے وعدہ میں ناکام ہوگئی تو بی ریاست بھر میں احتجاج کرے گی۔

PONNAM:

ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے بہبود اور ترقی کیلئے 99 روزہ ایکشن پلان کے حصہ کے طور پر آج چگورو مامڑی میں ایک جائزہ اجلاس منعقد کیا۔ انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ 21 مراکز پر بلارکاوٹ دھان کی خریدی کے عمل کو یقینی بنائیں۔اس کے لئے انہوں نے سوپر وائزرس مقرر کرنے اور ضروری اشیاء کی سربراہی کو یقینی بنانے کی ہدایت دی۔عہدیداروں کو لاپرواہی کے خلاف متنبّی کرتے ہوئے انہوں نے دھان کی منتقلی میں تاخیر کو روکنے کے لئے درکار تعداد میں لاریوں کی فراہمی کو یقینی بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ پونم پربھاکر نے حکام سے کہا کہ وہ موسم گرما کے دوران پینے کے پانی کی قلت سے نمٹنے کیلئے اقدامات کریں،اندراماں مکانات کی تعمیر میں تیزی لائیں اور بڑی باٹا پروگرام کے ذریعہ اسکولوں میں طلبہ کے داخلوں کو فروغ دیں۔انہوں نے سرسبز و شاداب علاقہ کی توسیع کیلئے ونامہاتسوم میں سرگرم شرکت پر زور دیا۔ انہوں نے انتظامیہ سے کہا کہ وہ عوامی شکایات کے ازالہ کیلئے اور سرکاری اسکیموں پر بروقت عمل آوری کو یقینی بنانے کیلئے چوکس رہے۔

BHATTI:

ڈپٹی چیف منسٹر اور وزیر توانائی ملوبھٹی وکرامارکا نے گرمی کی بڑھتی ہوئی شدت کے پیش نظر بلارکاوٹ برقی کی سربراہی کو یقینی بنانے پر جا بھون میں ایک اعلیٰ سطحی جائزہ اجلاس منعقد کیا۔

گھریلو اور زرعی شعبوں سے بڑھتی ہوئی مانگ کا اعتراف کرتے ہوئے انہوں نے اداروں کو ہدایت دی کہ وہ قلت سے نمٹنے کیلئے ایکس چینجس کے ذریعہ زائد برقی خریدیں۔ انہوں نے عہدیداروں سے کہا کہ وہ دواخانوں اور پینے کے پانی کی اسکیموں کیلئے برقی کی سربراہی کو ترجیح دیں۔ برقی کی پیداوار کے تمام پلانٹس کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ اپنی بھرپور گنجائش کا استعمال کرتے ہوئے برقی پیدا کریں۔ انہوں نے برقی کمپنی سے کہا کہ وہ مستقل تال میل کو برقرار رکھیں۔ ملوبھٹی وکرامارکا نے کہا کہ تمام صارفین کو معیاری اور بلا رکاوٹ برقی کی سربراہی حکومت کا اولین مقصد ہے۔

TUMMALA:

وزیر زراعت تملا ناگیشور راؤ نے 2026ء کے خریف سیزن میں بیجوں کی دستیابی کا عہدیداروں اور کمپنیوں کے نمائندوں کے ساتھ ایک اجلاس میں جائزہ لیا۔ انہوں نے ہدایت دی کہ وہ درکار 19.42 لاکھ کنٹل بیجوں کے دوگنے بیجوں کے ذخیرے کو یقینی بنائیں۔ وزیر زراعت نے پولیس کے ساتھ رابطہ کے ذریعہ نقلی بیجوں کے خلاف سخت کارروائی کی ہدایت دی۔ غیر قانونی ایچ ٹی کاٹن کو روکنے کیلئے سرحد پر موثر سیکورٹی اقدامات کی ہدایت دی۔ وزیر زراعت نے کسانوں کے تحفظ کیلئے لیاب میں جانچ کے ذریعہ معیار کو برقرار رکھنے، لائسنسنگ کے نظام کو شفاف بنانے اور کو مارکیٹنگ پر پابندیوں کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے ڈیولپمنٹ انوویشن لیاب کے نمائندوں سے کسانوں کی مدد کیلئے ایس ایم ایس اور واٹس ایپ کے ذریعہ موسم کے بارے میں خبردار کرنے کیلئے ایک پائلٹ پروجیکٹ کے سلسلہ میں تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے اگریکلچر ڈائرکٹر کو ہدایت دی کہ وہ ریاست کی جانب سے تعاون کیلئے مناسب تجویز کا جائزہ لیں۔

KAVITHA:

الیکشن کمیشن آف انڈیا نے کویتا کی نئی سیاسی جماعت کیلئے تلنگانہ رکشنا سینا کے نام کو منظوری دے دی ہے۔ 4 دن قبل میڑچل میں ایک جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے کویتا نے تلنگانہ راشٹرا سینا کا نام تجویز کیا تھا لیکن کمیشن نے متبادل نام کو منظوری دی ہے۔ بنجارہ ہلز میں واقع کویتا کے قیام گاہ پر عہدیداروں نے ایک مکتوب پہنچایا۔ جس کے تحت انہیں قومی اور مقامی اخبارات میں یہ منظور شدہ نام شائع کروانا ہوگا۔ اور تین دن کے اندر اعتراضات طلب کرنے ہوں گے۔ اِس لازمی عمل کی تکمیل کے بعد قطعی رجسٹریشن کا عمل آگے بڑھایا جائے گا۔ کمیشن کو پارٹی کا دستور اور ضروری دستاویزات پیش کرنے ہوں گے۔

PONGULETI:

ریاستی وزیر پنگولیٹی سرینواس ریڈی نے آج حیدرآباد میں اسٹیٹ ہاؤسنگ کارپوریشن کے دفتر میں نئے صحافیوں میں اکریڈیشن کارڈ تقسیم کئے۔ انہوں نے تیقن دیا کہ 15 دن کے اندر تمام اہل صحافیوں کو کارڈس موصول ہوں گے۔ نئی پالیسی کے تحت 46 ہزار افراد کو اہل قرار دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ عمل ایک شفاف انداز میں جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت صحافیوں کیلئے فلاحی اسکیمات پر عمل کرنے قطعی ڈیٹا کو استعمال کرے گی۔

AP-RESULTS:

آندھراپردیش کے وزیر نارالوکیش نے آج ایکس پلاٹ فارم پر تعلیمی سال 2025-26ء کیلئے دسویں جماعت کے امتحانات کے نتائج کا اعلان کیا۔ مارچ اور اپریل کے مہینوں میں منعقدہ ان امتحانات میں 6 لاکھ 30 ہزار طلبہ نے شرکت کی تھی۔ ان میں سے 85.24 فیصد امیدوار

کامیاب رہے۔لڑکیوں نےلڑکوں کے مقابلہ پھرایک بار بہتر مظاہرہ کیا۔لڑکیوں میں کامیابی کا فیصد87.90رہا جبکہ لڑکوں کی کامیابی کا تناسب82.68فیصد درج کیا گیا۔

RAJANNA SIRCILLA:

راجنا سرسلہ ضلع کی کلکٹر گریما اگروال نے نیرلا میں دھان کی خریدی کے مرکز کا جائزہ لیا۔انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ کسانوں کو اقل ترین امدادی قیمتیں حاصل ہوں۔انہوں نے عہدیداروں سے کہا کہ وہ معیار کو برقرار رکھیں۔کلکٹر نے عہدیداروں سے یہ بھی کہا کہ وہ نامزد ملوں تک دھان کی منتقلی کو بہتر بنائیں۔انہوں نے کہا کہ ریاستی حکومت بہترین معیار کی دھان کیلئے بونس ادا کررہی ہے۔کلکٹر نے کسانوں پر زوردیا کہ وہ نفع بخش اعلیٰ معیاری چاول کی طرف توجہ دیں اور آئیل پام کی کاشت پر اپنی توجہ مرکوز کریں۔

FERTILIZER:

تلنگانہ اگریکلچر اینڈ فارمرس ویلفیئر کمیشن کے چیرمین ایم کودنڈا ریڈی نے آج امیزان کے نمائندوں اور محکمہ کے عہدیداروں کے ساتھ فرٹلائزرس اور کیڑے مار ادویات کی آن لائن فروخت پر تبادلہ خیال کیا۔ چیرمین نے صحت عامہ اور ماحولیات کو خطرہ میں ڈالنے والی زہریلی ادویات یا ممنوعہ کیمیکلز کی فروخت کی سختی سے ممانعت کی۔امیزان نے وعدہ کیا کہ وہ ممنوعہ اشیاء کو ہٹادے گی اور سرکاری قواعد وضوابط کی پابندی کرے گی۔عہدیداروں نے وارننگ دی کہ قواعدو ضوابط کی خلاف ورزی پر قانونی کارروائی کی جائے گی۔

SIR:

تلنگانہ کے ایڈیشنل چیف الیکٹورل آفیسر واسم وینکٹیشورلو نے ملک پیٹ حلقہ میں اسپیشل انٹنسیو

ریویژن پروگرام کا جائزہ لیا۔اس حلقہ میں صرف 29.17 ووٹرس کی میاپنگ ہوئی ہے۔انہوں نے عہدیداروں اور بوتھ لیول آفیسرس کو ہدایت دی کہ وہ گھر گھر تنقیح کے ذریعہ اور سیاسی پارٹیوں کے تعاون سے ایک ہفتہ کے اندر میاپنگ کے کام میں تیزی لائیں۔انہوں نے 2002ء کی ووٹر لسٹ کو 2025ء کے اہل ووٹرس کے ساتھ جوڑنے کی ضرورت پر زور دیا۔

KISHAN REDDY

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا ہے کہ مرکزی حکومت تلنگانہ کی ترقی کو ترجیح دے رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی 10 مئی کو ریاست کا دورہ کریں گے۔تیسری میعاد کیلئے وزیراعظم کے عہدہ کا جائزہ لینے کے بعد وہ پہلی مرتبہ تلنگانہ کا دورہ کریں گے۔اس دورہ میں وہ 7ہزار823 کروڑ روپے کے پراجکٹس کا افتتاح کریں گے یا ان کا سنگ بنیاد رکھیں گے۔ان میں ریلوے نٹ ورک کو مستحکم کرنے کے اقدامات شامل ہیں۔اس وقت 85ہزار کروڑ روپے کے پروجکٹس پر کام ہورہا ہے۔حیدرآباد سے یادگیری گٹہ تک ایم ایم ٹی ایس خدمات کی توسیع، سمکا سارا کا مرکز قبائلی یونیورسٹی اور ورنگل میں کاکتیہ ٹکسٹائل پارک بھی ان پروجیکٹس میں شامل ہیں۔اس موقع پر سکندرآباد کے پریڈ گراونڈ پر ایک بھاری جلسہ عام منعقد کیا جائے گا۔

○○